بینائی سے معذور یا کم بینائی رکھنے والے بچوں کے لیے خدمات

آنٹیریو کا بینائی سے معذور – کم بینائی والوں کے لیے بروقت شفاعت کا پروگرام ان بچوں کے لیے ترتیب دیا گیا ہے جو پیدائشی نابینا ہوتے ہیں یا کم بینائی رکھتے ہیں تاکہ وہ زندگی کا بہترین آغاز کر سکیں۔ مخصوص خاندان پر مرکوز خدمات کو صوبہ رقوم فراہم کرتا ہے اور یہ پیدائش سے لے کر درجہ 1 تک کے بچوں کے لیے ہیں۔

یہ پروگرام والدین کو تعلیم اور تعاون فراہم کرتا ہے تاکہ وہ اپنے بچے کی صحت بخش نشو نما کی حوصلہ افزائی کر سکیں۔ والدین سیکھتے ہیں کہ وہ اپنے بچوں کی ان مہارتوں کو بڑھانے میں مدد کریں جن کی انہیں گھر پر روزمرہ کی سرگرمیوں اور ابتدائی تعلیم اور دیکھ بھال کی جگہ پر کرنے کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔

ابتدائی عمر میں خصوصی تعاون کے بغیر، وہ بچہ جو نابینا ہو یا کم بینائی رکھتا ہو، اسے بات چیت سیکھنے میں اور جب وہ سکول جانا شروع کرے تو دوست ڈھونڈنے اور بنانے میں دشواری پیش آ سکتی ہے۔ ایسا بچہ جو نابینا ہو یا کم بینائی رکھتا ہو اسے نشو نما کے ہر شعبے میں دشواریوں کا نمایاں خطرہ ہوتا ہے بشمول:

- بات چیت اور زبان میں
- حرکت کرنے کی اچھی اور مجموعی مہارتوں میں
- سمجھنے اور غور و غوص کے سلسلوں میں
- سماجی مہارتوں میں
- جذباتی نشو نما میں
- خود اپنی مدد آپ کرنے میں

ماہر پیشہ وروں کی صحیح شمولیت سے والدین سیکھ سکتے ہیں کہ کیسے وہ اپنے بچے کی صحت بخش نشو نما کی حوصلہ افزائی کریں اور ان کی ان مہارتوں کو سیکھنے میں مدد کریں جن کی انہیں سکول میں کامیاب ہونے کے لیے ضرورت پڑے گی۔

پروگرام کی خدمات

جب بچوں کی تشخیص ہو جائے بطور نابینا یا کم بینائی رکھنے والوں کی تو فزیشن(معالج)، آپتھلامولوجسٹ (ماہر امراض چشم)، آپٹومیٹرسٹ(بصارت پیمائی کا ماہر)، والدین یا دیکھ بھال کرنے والے کی جانب سے مقامی بینائی سے معذور – کم بینائی کے پروگرام کے طرف بجھوایا جا سکتا ہے۔ اپنے قریبی پروگرام کی تلاش کے لیے اس بروشر کی پشت ملاحظہ کریں۔

The Blind – Low Vision program (بینائی سے معذور – کم بینائی والوں کے لیے بروقت شفاعت کا پروگرام) تین طرح کی خدمات پیش کرتا ہے:

1. خاندان کو تعاون
2. مداخلتی/ شمولیت کی خدمات
3. مشاورتی خدمات

1. خاندان سے تعاون

یہ پروگرام ان والدین کی اعانت کرتا ہے جن کے بچے کی نابینا یا کم نظر والے بچے کے طور پر شناخت ہوئی ہو ۔ یہ خدمات خاندان کو تعاون فراہم کرنے والے گریجویٹ درجے کے کارکنان کے زریعے فراہم کی جاتی ہیں جو کہ بچے کی نشو نما پر بینائی کی خرابی کے اثر کے حوالے سے خاص طور پر تربیت یافتہ ہوتے ہیں۔

خاندان کو تعاون فراہم کرنے والا کارکن تشخیص کے مضمرات سے نمٹنے اور اعانتی خدمات کے بارے میں باخبر فیصلے لینے میں خاندان کی مدد کرے گی / گا۔

2. مداخلتی/ شمولیت کی خدمات

بینائی کی خرابی والے بچے کے لیے چھونے، سننے اور بچی کھچی یا باقی رہ جانے والی بینائی کا استعمال،اس کے سیکھنے اور نشو نما کے لیے انتہائی اہم ہے۔ بینائی کی خرابی میں تربیت یافتہ اور معلومات رکھنے والے پیشہ وران کی مدد ضروری ہے تاکہ بچے کی استعداد کے مطابق اس کی ان حسوں کی نشو نما کرنے میں مدد کی جا سکے۔

مداخلتی/ شمولیت کی خدمات فیملیز ہوم (خاندان کا گھر) میں ابتدائی بچپن کے نابینا / کم بینائی کے خصوصی تربیت یافتہ کنسلٹنٹ کے زریعے فراہم کی جاتی ہیں۔ کنسلٹنٹ والدین کو سکھاتی/ سکھاتا ہے کہ کیسے وہ درج ذیل چیزوں میں اپنے بچے کی نشو نما میں مدد کریں:

- دانستہ حرکت (واقفیت اور نقل و حرکت) میں
- حرکت کرنے کی مہارتوں کو بڑھانے میں (مثال کے طور پر گول گھومنے، پہنچنے، گھٹنوں کے بل چلنے، اشیاء کی جوڑ توڑ اور کھوج لگانے کے لیے ہاتھوں کا استعمال)
- روزمرہ کی زندگی کی مہارتیں (مثال کے طور پر کھانا کھانا، کپڑے پہننا، طہارت / بیت الخلا کا استعمال)
- تصور/ سوچنے کیی نشو نما (مثال کے طور پر شئے کی شناخت، اس کے مخصوص کام اور خصوصیات)
- سماجی اور جذباتی نشو نما
- زبان اور بات چیت کی نشو نما
- باقی ماندہ بینائی کا کیسے زیادہ فائدہ اٹھائیں
- نشو نما کے فروغ کے لیے تمام حسوں کو کیسے استعمال کریں

3. مشاورتی خدمات

جب آپ کا بچہ، بچے کی نگہداشت یا ابتدائی سیکھنے کے مرکز میں داخل ہو گا تو Blind – Low Vision Program (بینائی سے معذور – کم بینائی والوں کا پروگرام) کا عملہ ،مرکز کے اساتذہ برائے ابتدائی بچپن کو یہ سیکھنے میں مدد کرے گا کہ کیسے آپ کے بچے کے ساتھ بہتر کام کیا جائے اور اسے سکھایا جائے۔

Regional Blind – Low Vision Early Intervention Programs

(علاقائی بینائی سے معذور – کم بینائی والوں کے لیے بروقت شفاعت کا پروگرام)

Ontario's Blind – Low Vision Early Intervention Program provides its services through the following regional

(آنٹیریو کا بینائی سے معذور – کم بینائی والوں کے لیے بروقت شفاعت کا پروگرام) ذیل کے علاقائی دفاتر کے ذریعے اپنی خدمات فراہم کرتا ہے:

Windsor-Essex and Kent-Chatham
contact "Talk 2 Me"
(519) 252-0636
www.connectwithus.ca

Southwest Region
Elgin-St. Thomas, Grey Bruce Owen Sound, Huron, Lambton, Middlesex-London, Oxford, Perth
(519) 663-0273 or 1-877-818-8255

Central South Region
Hamilton, Niagara, Brant and Haldimand-Norfolk
(905) 385-7927 ext. 228 or 1-866-826-4327 ext. 228
www.earlywords.ca

Central West
Halton, Peel, Waterloo and Wellington-Dufferin contact Erinoak
(905) 855-3557 or 1-877-374-6625
TTY 905-855-4925
www.erinoakkids.ca

Toronto
Toronto Preschool Speech and Language Services
416-338-8255
TTY 416-338-0025
www.tpsls.on.ca

Simcoe County and Muskoka-Parry Sound
Children's Development Services
(705) 739-5696
or 1-800-675-1979

Tri-Region
York Region, Durham Region, Peterborough, Northumberland, Haliburton Counties and City of Kawartha Lakes
1-888-703-5437
www.childdevelopmentprograms.ca

Southeastern Region
Kingston and counties of Frontenac, Lennox & Addington, Leeds, Grenville, Lanark, Hastings and Prince Edward Counties
(613) 549-1232 ext. 1145
or 1-800-267-7875 ext. 1145
TTY (613) 549-7692
or 1-866-299-1136
www.kflapublichealth.ca

Ottawa
Ottawa, Renfrew County and District and Eastern Ontario contact "FirstWords"
(613) 688-3979 or 1-866-432-7447
TTY 613-820-7427
www.pqhcs.com

Northeast region
Manitoulin-Sudbury, Algoma, Cochrane and Nipissing-Timiskaming contact "Wordplay Jeux de Mots"
(705) 522-6655
1-877-522-6655

Thunder Bay
Children's Centre Thunder Bay
(807) 343-5000
1-866-343-5020 ext. 5018
www.childrenscentre.ca

Northwest Region
Kenora Rainy River
Northwestern Health Unit
1-877-553-7122
www.nwhu.on.ca

To order by phone:
1-800-668-9938
TTY: 1-800-268-7095

Or visit:
www.serviceontario.ca/publications
Publication # 019660

Learn more: www.ontario.ca/children

Nov/2014 © Queen's Printer for Ontario

URDU

Ontario

یہ نشو نما کے سنگ میل کچھ ایسے سنگ میل ظاہر کرتے ہیں جو چھوٹے بچوں کی ابتدائی بینائی کی نشو نما اور اس کے بڑھنے کو نشان ذد کرتے ہیں, جیسے جیسے وہ بڑھتے ہیں۔ جب آپ کا بچہ ان سنگ میل پر پورا نہ اتر رہا ہو تو ہر علامت پر نظر رکھیں اور اگر آپ کے کچھ خدشات ہیں تو فوری طور پر اپنے فزیشن(معالج) سے بات کریں۔

اگر آپ کے اپنے بچے کی بینائی کے بارے میں خدشات ہیں تو انتظار نہ کریں۔ جتنی جلدی مسئلہ کی نشاندہی ہو اتنی ہی جلدی آپ کا بچہ وہ مدد حاصل کر سکتا ہے جس کی اسے صحت مند نشو نما کے بہترین موقع کے لیے ضرورت ہے۔

نشو نما کے سنگ میل

6 ہفتوں سے

- جب جاگتا ہے تو اطراف کو گھورتا ہے
- چمکتی روشنیوں/ اشیاء کو مختصرا" دیکھتا ہے
- روشنی کو دیکھ کر آنکھیں جھپکتا ہے
- آنکھیں اور سر ایک ساتھ گھومتے ہیں

3 ماہ سے

- آنکھیں ایک شئے سے دوسری شئے پر نظر ڈالتی ہیں
- آنکھیں حرکت کرتی شئے/فرد کا پیچھا کرتی ہیں
- دیکھ بھال کرنے والی/ والے کے چہرے کو گھورتا ہے
- ہاتھوں اور خوراک کو دیکھنا شروع کرتا ہے

6 ماہ سے

- اطراف کا جائزہ لینے کے لیے آنکھیں گھومتی ہیں
- آنکھیں شور کرنے والی چیز کی تلاش کے لیے حرکت کرتی ہیں
- اشیاء پکڑنے یا اس تک پہنچنے کے لیے ہاتھ اٹھاتا ہے
- زیادہ دور کی اشیاء دیکھتا ہے
- جب آپ کو مسکراتے یا ہنستے ہوئے دیکھتا ہے تو مسکراتا یا ہنستا ہے

12 ماہ سے

- جب شئے ناک کے قریب آتی ہے تو آنکھ اندر کی جانب مڑتی ہیں
- اطراف کی سرگرمیوں کو زیادہ لمبی مدت تک دیکھتا ہے
- گرے ہوئے کھلونے ڈھونڈتا ہے
- اشیاء اور لوگوں کو نظروں سے جانچتا ہے
- پسندیدہ کھلونے کی جانب رینگتا ہے

2 سال سے

- نظروں سے اشیاء تک پہنچنے اور پکڑنے کی رہنمائی کرتا ہے
- کتاب میں سادہ سی تصویروں کو دیکھتا ہے
- اشیاء اور لوگوں کی طرف اشارہ کرتا ہے
- کتاب میں تصویروں کی طرف اشارہ کرتا اور ڈھونڈتا ہے
- چلتے اور چڑھتے ہوئے وہ دیکھتا ہے کہ وہ کہاں جا رہا ہے

جب بچوں کی نظر بڑھتی ہے تو مزا لیتے ہیں:

6 ہفتوں سے

- آپ کو دیکھتے ہوئے جب آپ اسے قریب کرتی/کرتے ہیں
- شوخ رنگوں کے کھلونے دیکھتے ہوئے
- عکس دکھانے والے اشیاء کو دیکھتے ہوئے (جیسے کہ آئینہ)
- سادی کالے اور سفید شکلوں کی متحرک اشیاء کو دیکھتے ہوئے
- حرکت کرتی چیزوں کو دیکھتے ہوئے

3 ماہ سے

- آپ کا چہرہ پڑھتے ہوئے
- کھلونوں کو اطراف سے ان کے سامنے حرکت کرتے دیکھتے ہوئے
- ان کے پالنے کے آر پار لٹکتی اشیاء کو دیکھتے ہوئے اور ان تک پہنچنے میں
- شوخ رنگوں اور دلچسپ نمونوں والے کھلونے دیکھتے ہوئے
- ان کے کمروں میں رات کو جلنے والا بلب لگے ہوئے

6 ماہ سے

- آئینہ میں اپنا عکس دیکھتے ہوئے
- دو پسندیدہ اشیاء کو باری باری دیکھتے ہوئے
- دنیا کو مختلف جگہوں سے دیکھتے ہوئے (مثال کے طور پر اونچی کرسی، فرش یا دیگر فرنیچرسے)
- ایسے کھلونوں سے جن کا نمونہ پیچیدہ ہو یا ایسے کھلونے جو حرکت کریں (مثال کے طور پر "jack in the box" جیک ان دا باکس)
- تاکا جھانکی والے کھیلوں سے "peek-a-boo" کھیلنا

12 ماہ سے

- ڈبوں میں کھلونے ڈالنے اور نکالنے میں (اور اپنے منہ میں ڈالنا)
- مختلف حجم کی ایک جیسی اشیاء سے کھیلتے ہوئے (مثال کے طور پر چھلوں کے ڈھیر لگانا، کپوں کو ایک دوسرے میں ترتیب سے رکھنا، بلاک)
- موٹے گتے کے صفحوں والی گتے کی کتابوں اور سادہ رنگین تصویریں دیکھتے ہوئے
- کھلونے چلانے کے لیے بٹنوں کو دباتے یا ناب گھماتے ہوئے
- کھڑی سے باہر کی سرگرمیاں دیکھتے ہوئے

2 سال سے

- عام سے خاکوں اور اشیاء کی تصویروں والی کتاب پڑھتے ہوئے
- گھرانے کے افراد یا گھریلو جانوروں کی تصویریں دیکھتے ہوئے
- گتے کےعام پزل کے ساتھ کھیلتے ہوئے
- بلاکوں کا کھیلنے اور مینار بنانے کے لیے استعمال کرتے ہوئے
- باہر دکان، پارک،اور لائبریری جاتے ہوئے تاکہ لوگ اور سرگرمیاں دیکھے۔

آپ کو اپنے بچے کی نشو نما کی نگرانی کرنا جاری رکھنا چاہیے

اپنے بچے کی بینائی کی نشو نما کی نگرانی کرنا اہم ہے کیونکہ آغاز میں مسئلہ کی شناخت طویل مدتی پیچیدگیوں کے خطرے کو کبھی کبھار ختم یا کم کر دیتی ہے۔ اگر آپ کو پتا چلے کہ درج ذیل علامات میں سے کوئی آپ کے بچے میں ہیں تو فورا" اپنے ڈاکٹر سے بات کریں:

- سوجن ذدہ یا پپڑی ذدہ پپوٹے
- پپوٹوں کے اوپر یا ارد گرد چوٹ، خراش یا ورم
- جھکے ہوئے /مردہ پپوٹے
- تین ماہ کی عمر تک آپ سے نظروں کا رابطہ نہ کرے
- تین ماہ تک آنکھوں سے شئے کو نہ دیکھے یا اس کا تعاقب نہ کرے
- آنکھ کی پتلی کے اندر دھندلے یا سفیدی مائل آثار
- اکثر آنکھوں کی نہ ٹکنے والی، غیر معمولی ادھر ادھر یا جھٹکے لینے والی حرکت
- آنکھیں سیدھ میں نہ ہونا (باہر کی طرف مڑی ہوئیں یا ترچھی ہوئی آنکھیں)
- آنکھوں کی باہم حرکت نہ ہونا
- اشیاء کو دیکھتے وقت ایک آنکھ کا غیر معمولی ادھر ادھر حرکت کرنا
- اشیاء کو دیکھتے وقت ایک آنکھ کا بھینگا ہونا، بند ہونا یا پردہ ہونا
- شدید آنسو بہنا جب رو نہ رہا ہو
- شدید جھپکنا یا بھینگا پن
- آنکھوں کو بہت ملنا یا ہاتھ لگانا
- شوخ روشنیوں سے بچنا یا ان سے حساسیت